© rasailojaraid.com





# حسنِ انتقاد

تبصرے کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

(ادارہ)

**ششماہی ''السیرت'' عالمی:** اس وقت اس مؤثر اور وقیع مجلّے کا یہ چوتھا شمارہ ہمارے پیشِ نظر ہے۔ سیرت اور متعلقات سیرت کے حوالے سے، مجلاتی صحافت میں ''السیرت'' کے طلوع کے ساتھ ہی گویا ایک نئی روایت کی تشکیل ہو رہی ہے۔ وہ لوگ جو اپنے ماحول کی ضرورتوں کو محسوس کیا کرتے بلکہ پہچان لیا کرتے ہیں۔ علمی حلقوں نہایت محترم اور اور قابل قدر رہوا کرتے ہیں حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ (۱۹۸۰ء۔۱۹۱۱ء) کی اصلاحی اور دعوتی خدمات کا تو ایک زمانہ معترف ہے۔ اس مجلّے کی تدوین واشاعت میں حضرت شاہ صاحب ہی کے جانشین سید فضل الرحمٰن صاحب زید مجدہ اپنے صاحبزادۂ گرامی قدر سید عزیز الرحمٰن کی سرپرستی فرمارہے ہیں۔ موجودہ شمارے میں محترم ڈاکٹر غلام مصطفیٰ صاحب مدظلہ، کا مضمون ''محبوبیت اور تبعیت'' ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی صاحب کا مضمون ''مقام محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)'' اور ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں کا مضمون ''اردو شاعری میں احادیث کی تلمیحات'' واقعہ میں پڑھنے والوں کو فکر ونظر کے نئے زاویوں سے متعارف کراتے ہیں، لیکن ایک مضمون جس کا عنوان ہی ''فکر ونظر کی مستحکم بے بنیادیں ہے'' جناب پروفیسر ظفر احمد صاحب کے قلم سے ہے اور مباحث علم وظن وتعارض ادلہ کے حوالے سے ایسا ہے کہ گویا اس شمارے کا حاصل ہے۔

ضخامت ۴۳۲ صفحات، کتابت طباعت انتہائی اعلیٰ اور قیمت انتہائی مناسب یعنی صرف ایک سو روپے ہے

ناشر ہے زوار اکیڈمی پبلی کیشنز اے ۴/۱۷، ناظم آباد نمبر ۴ کراچی ۔ ۱۸، پوسٹ کوڈ ۷۴۶۰۰

---

## مسافرانِ آخرت

☆ چیچہ وطنی میں روزنامہ ''جنگ'' کے نمائندے اور ہمارے دوست سید اعجاز گیلانی 30 مارچ کو انتقال فرما گئے۔ مرحوم نے اپنی بیس سال سے زائد صحافتی زندگی میں روزنامہ ''جنگ'' کے ذریعے ہمارے مشن بالخصوص تحریک تحفظ ختمِ نبوت اور تحریکِ تحفظ ناموس صحابہ کے سلسلہ میں ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔

☆ حافظ عبدالرزاق مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم معاون جناب حافظ عبدالرزاق صاحب 16 اپریل 2001ء بروز پیر مختصر علالت کے بعد ملتان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کے والد حافظ محمد شریف مرحوم اور چچا حافظ محمد اکرم صاحب امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری مرحوم اور احرار سے قدیمی تعلق رہا ہے۔ مرحوم کے بھائی ابو معاویہ محمد زبیر احرار کے مخلص کارکنوں میں سے ہیں۔

☆ ملتان سے ہمارے رفیقِ فکر اور کرم فرما محترم محمد لقمان صاحب کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ رحلت فرما گئیں۔

☆ چیچہ وطنی میں مجاہد احرار شیخ اللہ رکھا مرحوم کی صاحبزادی، شیخ عبدالغنی صاحب کی ہمشیر اور احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے صدر شیخ

© rasailojaraid.com